**CCE PF**
**CCE PR**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2017

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2017**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

# MODEL ANSWERS

ದಿನಾಂಕ : 30. 03. 2017 ]
Date : 30. 03. 2017 ]

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **12-U**
**Code No. : 12-U**

ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

Subject : **FIRST LANGUAGE - URDU**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ /New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ + ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Fresh + Private Repeater)**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125**
**[ Max. Marks : 125**

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصّہ-الف** | |
| 15 × 1 = 15 | ایک جملے میں جوابات : | |
| | حجۃ الوداع کے موقعہ پر حضرت بلالؓ نے اذان دی۔ | 1. |
| | بڑی حویلی کی دیوٹ پر آدا جعفری نے ''اماں'' کو دیا قرار دیا ہے۔ | 2. |
| | احمد نگر کی جیل میں جواہر لال نہرو نے مولانا آزاد کی مدد سے اردو زبان سیکھی۔ | 3. |
| | پنڈت جواہر لال نہرو کو اردو زبان سے بڑا لگاؤ تھا۔ | 4. |
| | انگریزوں کی حکمرانی اور غلامی سے مولانا آزاد ملک و قوم کو نجات دلانا چاہتے تھے۔ | 5. |
| | ودیا چرن جی کی تقریر کا جواب مولانا رجب دیتے تھے۔ | 6. |
| | امیر خسرو کے والد ہزارہ قبیلے سے تعلق رکھتے تھے۔ | 7. |
| | صدائے کن سے دنیا وجود میں آئی۔ | 8. |
| | بہار آئی، بہار آئی، بہار آئی پکارتی آئی۔ | 9. |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 10. | کیونکہ حضرت امام حسینؓ جنگ کے لئے نکل پڑے تھے۔ | |
| 11. | مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل انسان ہے۔ | |
| 12. | مصنف روزانہ صبح دس بجے جاگتے تھے۔ | |
| 13. | آج دنیا میں زعفران کی سب سے زیادہ کاشت اسپین میں کی جاتی ہے۔ | |
| 14. | اونٹوں کے چرانے والے سے مراد حضورؐ ہیں۔ | |
| 15. | شاعر رشوت خوری کو خلافِ انسانیت کہہ رہا ہے۔ | |
| | دو یا تین جملوں میں جوابات : | 12 × 2 = 24 |
| 16. | دوسرے دن صبح اٹھتے ہی مصنف کے پڑوسی نے مصنف کے دروازے پر پہنچ کر چلانے لگے اور دروازے پر مکہ بازی شروع کر دی۔ | 1 |
| | یہ آواز تیز سے تیز تر ہوتی جارہی تھی۔ | 1 |
| 17. | واہ صبح کا وقت بھی کیا ہی سہانا اور روح افزا ہوتا ہے۔ | 1 |
| | لالہ جی جو پڑھو خدا کی قسم یاد ہو جاتا ہے۔ | 1 |
| 18. | زعفران کی کاشت دنیا کی کئی ممالک میں کی جاتی ہے۔ | 1 |
| | مثلاً ایران، اسپین، فرانس، برطانیہ، مراقش اور ہندوستان۔ | 1 |
| 19. | زعفران میں مختلف کیمیائی اجزاء شامل ہوتے ہیں۔ | 1 |
| | مثلاً زعفران میں گلائی کوسائیڈ وکروسن اور پائر وکروسن کے کڑوے روغن بڑی مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ | 1 |
| 20. | ہزاروں رنگ کی چڑیاں اس طرح خوشی کا اظہار کرتی ہیں، ہوا ناچتی پھرتی ہے۔ | 1 |
| | موسم بہار کی آمد پر چڑیاں اتراتی اور گاتی پھرتی ہیں۔ | 1 |
| 21. | بچپن میں نانا سے کیا ہوا وعدہ پورا کرنا چاہتے تھے۔ | 1 |
| | حضرت امام حسینؓ امت مسلمہ کو بخشوانے کے خاطر اپنی جان سب کچھ لٹا دینا چاہتے تھے۔ | 1 |
| 22. | زمینی لکیروں سے انسان جغرافیائی حدود میں بٹ گیا۔ جس کی وجہ سے انسانی آزادیاں ختم ہو گئیں۔ | 1 |
| | اور ترقی میں رکاوٹ حائل ہو گئی۔ | 1 |
| 23. | شاعر اعجاز حسنی نے اپنی رباعی میں سماج کے رستے ہوئے ناسور کی طرف اشارہ کیا ہے۔ کہتے ہیں : جہیز عام ہونے وجہ سے مصائب کا سامنا ہے۔ | 1 |
| | ہم سب کچھ بدل سکتے ہیں لیکن داماد کی فطرات بدل نہیں سکتے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 24. | مولانا ابوالکلام آزاد کم سے کم اور نرم الفاظ میں انگریزی حکومت سے یہی کہنا چاہتے ہیں ناانصافی اور حق تلفی سے انگریزی باز آئے اگر باز آنہیں سکتی تو مٹادی جائے۔ | |
| 25. | ودیاچرن جی کٹر اور بنیاد پرست سیاستدان تھے ان کا کارنامہ یہ تھا کہ جہاں بھی جاتے ایک چنگاری بھڑکا کر چلے جاتے تھے۔ | |
| 26. | حضورؐ کا نامِ مبارک آتے ہی شاعر ماہرالقادری اپنے لبوں پر تبسم دیکھتے ہیں اور ان کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ | |
| 27. | حضرت زینبؓ کی بے چینی کو دیکھ کر حضرت امام حسینؓ رو پڑے اور کہا اے بہن تری الفت ومحبت پر قربان جاؤں لیکن کیا کروں میرے اختیار میں اب کچھ بھی نہیں ہے۔ | |
| | متن کے حوالے سے تشریح : | 8 × 3 = 24 |
| 28. | یہ جملہ ''بدایوں کے شام وسحر'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | جس کی مصنفہ ادا جعفری ہیں۔ | 1 |
| | یہ جملہ اماں نے بچوں سے گھی کی تعریف کرتے ہوئے کہا تھا۔ | 1 |
| 29. | یہ جملہ ''جواہر لال نہرو کی اردو دوستی'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | اس سبق کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔ | 1 |
| | یہ جملہ جواہر لال نہرو نے کانگریسی رہنما سیٹھ گوند داس سے اردو زبان کو قومی زبان بنانے کی تائید میں کہا تھا۔ | 1 |
| 30. | یہ جملہ ''درشتی'' سبق سے ماخوذ ہے۔ | 1 |
| | اس سبق کا مصنفہ زہرہ جمال ہیں۔ | 1 |
| | یہ جملہ ودیاچرن جی نے اپنے پرستاروں سے بھاشن کے دوران کہا کہ ہماری کامیابی آپسی اتحاد واتفاق پر منحصر ہے۔ | 1 |
| | ذیل میں کسی ایک کا تعارف لکھئے : | |
| 31. | (i) اصل نام محی الدین اور تخلص آزاد تھا۔ پیدائش 11 ر نومبر 1888ء کو مکہ میں ہوئی۔ | 1 |
| | اردو، فارسی اور عربی کے علاوہ انہیں انگریزی زبان میں بھی یکساں قدرت حاصل تھی۔ الہلال اور البلاغ ان کے اخبار تھے۔ | 1 |
| | آزاد کے مشہور تصانیف : غبارِ خاطر، تبرکاتِ آزاد، مکاتیبِ آزاد اور قولِ فیصل ہیں۔ 22 ر فروری 1958ء کو انتقال کیا۔ | 1 |
| | (ii) سید سلیمان ندوی ریاست بہار کے پٹنہ ضلع کے ایک مشہور چھوٹے گاؤں ''دسنہ'' میں 1884ء کو پیدا ہوئے۔ | 1 |
| | ایک جید عالمِ مؤرخ اور محقق تھے تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلے گئے۔ 1953ء کو انتقال کیا۔ | 1 |
| | اِن کے مشہور تصانیف حسب ذیل ہیں : | 1 |
| | (۱) ارض القرآن | |
| | (۲) رحمت عالم | |
| | (۳) حیات شبلی | |
| | (۴) خطبات مدراس | |
| | (۵) نقوش سلیمانی وغیرہ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ذیل میں کسی ایک شاعر کا تعارف لکھئے : | |
| 32. | (i) نام رگھوپتی سہائے قلمی نام فراقؔ گورکھپوری، 28/اگست 1896ء کو بمقام گورکھپور پیدا ہوئے۔ | 1 |
| | الہ آباد سے ایف-اے کیا اور آگرہ یونیورسٹی سے ایم اے کیا پھر انڈین سول سروس سے وابستہ ہوگئے۔ | 1 |
| | رمز و کنایات، روح کائنات، غزلستان اور شبنمستان آپ کے مشہور شعری مجموعے ہیں۔ 3/مارچ 1982ء کو انتقال کیا۔ | 1 |
| | (ii) مرزا غالبؔ کا اصل نام مرزا اسداللہ خان ہے۔ مرزا نوشہ لقب، نجم الدولہ، دبیر الملک، شاہی خطابات 1796ء کو آگرہ میں پیدا ہوئے۔ | 1 |
| | غالبؔ کے خطوط کے مجموعے کافی مشہور ہیں۔ | 1 |
| | جدّت، شوخی اور ظرافت آپ کی شاعری کی خصوصیات ہیں۔ 1869ء کو انتقال کیا۔ | 1 |
| | اشعار کی تشریح : | |
| 33. | مرزا غالبؔ کہتے ہیں کسی نے غلط راہ اختیار کی ہے یا | 1 |
| | کوئی غلط راستہ پر چل پڑا ہو تو اسے روک لو | 1 |
| | اور کسی سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے تو اسے درگذر کرو اور معاف کردو۔ | 1 |
| 34. | علامہ اقبالؔ خدا سے مخاطب ہو کر کہہ رہے ہیں | 1 |
| | کہ اے خدا تو میری سادگی اور معصومیت کو دیکھ کر تیرے عشق سے زیادہ کوئی چیز اہم نہیں میری خواہش یہی ہے | 1 |
| | کہ میں تیرے عشق کی انتہا کو پہنچ جاؤں۔ یہی میری زندگی کی معراج ہے۔ | 1 |
| 35. | شاعر مجازؔ کا کہنا ہے دوسروں کی ضرورت | 1 |
| | اور خواہشات کی تکمیل کرنے میں میں نے اپنی ذات کو بھلا دیا | 1 |
| | اور اب میں خود ہی محتاج بنا ہوا ہوں۔ | 1 |
| | تین یا چار جملوں میں جوابات : | 2 × 3 = 6 |
| 36. | حجۃ الوداع کے موقعہ پر غلام اور خدام کے حسن سلوک کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا کہ تم جو کھاؤ انہیں کھلاؤ اور جو خود پہنو انہیں پہناؤ اور ان کے ساتھ اچھا سلوک کرو اور انکے حق میں سدا انصاف کرو۔ | |
| 37. | موسم بہار کے آنے پر سارا ماحول خوش گوار ہو جاتا ہے اور پہاڑوں کا حسن نکھر جاتا ہے۔ پہاڑوں پر جو برف بنی ہوئی تھی وہ پگھل جاتی ہے اس طرح پہاڑوں سے بہنے والا پانی قدرتی حسن کو نکھارتا اور خوبصورت بنا دیتا ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **تفصیلی جوابات** : | |
| 1 | حجتہ الوداع کے موقعہ پر حضورؐ نے معاملاتِ زندگی، حقوق باہمی، آداب معاشرت، حسن سلوک اور رواداری سے متعلق مفصل معلومات فراہم کیں۔ | .38 |
| 1 | نیز فرمایا کہ ایام جاہلیت کے سارے رسوم میرے پاؤں کے نیچے ہیں، عورتوں کے بارے میں خدا سے ڈرو، اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔ جو خود کھاؤ انہیں کھلاؤ جو خود پہنو انہیں پہناؤ۔ | |
| 1 | ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ تم سب ایک آدم کی اولاد ہو کسی عربی کو کسی عجمی اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی بڑائی نہیں۔ | |
| 1 | میں تم میں ایک چیز چھوڑ جاتا ہوں۔ اگر اسے مضبوطی سے تھامے رہو تو کبھی گمراہ نہ ہو گے۔ وہ خدا کی کتاب ہے۔ | |
| 1 | حضرت امیر خسرو کا شمار ہندوستان کی نامور شخصیتوں میں ہوتا ہے۔ | .39 |
| 1 | وہ ایک باکمال شاعر اعلیٰ پائے کے موسیقار، جانثار مرید، سچے محبِّ وطن اور نیک طینت انسان تھے ان کا نام ابوالحسن یمین الدین تھا آگے چل کر امیر خسرو کے نام سے مشہور ہوئے۔ | |
| 1 | خسرو بچپن ہی سے بلا کے ذہین تھے۔ انہوں نے موسیقی میں نئے سُر ایجاد کئے۔ وہ مختلف سروں کے موجد تھے۔ ''آلہ موسیقی ستار'' انہیں کی ایجاد ہے۔ اپنے ہم عصر 'گوپال نائک' کو شکست دے کر موسقی کے میدان میں ''نائک'' کا خطاب حاصل کیا۔ | |
| 1 | امیر خسرو دو قوموں یعنی ہندو اور مسلمانوں کو جوڑنے اور ان کے ملاپ کے لئے کئی ایک کامیاب کوششیں کیں۔ اسی لئے آپ کو دو عظیم قوموں کے درمیان پل کہا جاتا ہے۔ | |
| | **یا** | |
| 1 | یہ بچوں کی عین فطرت ہے کہ وہ ہر چیلنج کا جواب دینا چاہتے ہیں۔ | |
| 1 | جب اماں نے تنبیہ کی کہ اس گھی کی ہانڈی کو ہاتھ لگایا تو اچھا نہیں ہوگا۔ چنانچہ ایک مرتبہ اس چیلنج کا جواب دینے کے لئے موقع پاتے ہی ہانڈی سے یہ مقدس غذا یا دوا برآمد کر لی گئی۔ | |
| 1 | انتہائی شوق میں جب حلوے کو کھایا تو مرچوں نے وہ حال کیا کہ اس چوری کی اطلاع دینے یا امی سے شکایت کرنے کی ضرورت نہیں پڑی۔ | |
| 1 | کیونکہ بچوں کے چہرے خود ہی اعلان جرم اور اظہارِ جرم کا اشتہار بنے ہوئے تھے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 × 4 = 4 | حمد کے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے : مثلاً | .40 |
| | صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے | |
| 1 | عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے | |
| | کسی بھی در سے اجالے کی بھیک کیا مانگیں | |
| 1 | اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے | |
| | صنم ترے ہیں خدا ناشناس بھی تیرے | |
| 1 | نماز عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے | |
| | رضا تیری ہے غفور الرحیم بھی تو ہے | |
| 1 | غضب وقہر بھی تیرا ثواب تیرا ہے۔ | |
| | نعت کے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے : | |
| | کچھ کفر نے فتنے پھیلائے کچھ ظلم نے شعلے بھڑکائے | |
| 1 | سینوں میں عداوت جاگ اٹھی انساں سے انساں ٹکرائے | |
| | پامال کیا برباد کیا، کمزور کو طاقت والوں نے | |
| 1 | جب ظلم وستم حد سے گذرے تشریف محمدؐ لے آئے | |
| | رحمت کی گھٹائیں لہرائیں، دنیا کی امیدیں بر آئیں | |
| 1 | اکرام وعطا کی بارش کی اخلاق کے موتی برسائے | |
| | تہذیب کی شمعیں روشن کیں، اونٹوں کو چرانے والے نے | |
| 1 | کانٹوں کو گلوں کی قیمت دی ذرّوں کے مقدر چمکائے | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | کسی ایک نظم کا خلاصہ : | 1 × 4 = 4 |
| 41. | (i) **رشوت** | |
| | شاعر جوش ملیح آبادی نے سماج کے ایک اہم مسئلہ کو اجاگر کرکے اس کے تدراک کی کامیاب کوشش کی ہے۔ | 1 |
| | حالات حاضرہ بھی شاہد ہیں کہ موجودہ دور میں چور بازاری، بے ایمانی، بے ضمیری اور رشوت خوری عروج پر ہے۔شاعر کا خیال ہے کہ رشوت خوری دراصل انسانیت کے خلاف ایک جنگ ہے اور رشوت خوروں کے قول وفعل میں تضاد ہے۔ | 1 |
| | شاعر کہتا ہے جب ان رشوت خوروں سے رشوت کی عادت سے باز آنے کہا جائے تو جواب یہ ملتا ہے کہ ہم رشوت نہ لیں تو اپنا پیٹ کس طرح بھرینگے ؟ | 1 |
| | شاعر نے صلاح دی ہے کہ مہنگائی پر قابو پایا جائے، ملازمین کی تنخواہ جات میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے۔ ملازمین اور صنعت کاروں کو استحصال سے بچایا جائے تو یہ لعنت یعنی رشوت اپنے آپ ختم ہوجائیگی۔ | 1 |
| | (ii) **جگنو نظم** | |
| | جگنو نظم میں شاعر نے ایک کمسن بچے کی بے چینی، بے قراری اور اس کے احساسات کو بڑے ہی دکھ بھرے لہجے میں پیش کیا ہے۔ | 1 |
| | چنانچہ بچہ کہتا ہے کہ جب میں پیدا ہوا تو میری قسمت دیکھئے کہ نہ میں نے اپنی ماں کو دیکھا اور نہ ہی ماں نے مجھے دیکھا۔ | 1 |
| | دائیوں اور کھلائیوں نے مجھے پال پوس کر بڑا کیا۔ | 1 |
| | آج میں جب جوان ہوگیا ہوں تو بچپن کی یادیں اور وہ زمانہ یاد آتا ہے دائی کی باتیں یاد آتی ہیں کہ ننھے جگنو بھٹکی ہوئی روحوں کو راہ دکھلاتے ہیں اب مضحکہ خیز لگتا ہے اس کے باوجود وہ جھوٹ بھی حسین تھا کیونکہ اس جھوٹ سے میرے بے چین دل کو قرار ملتا تھا۔ | 1 |
| | **PART-B/حصّہ - ب** | |
| | معروضی جوابات : | 10 × 1 = 10 |
| 42. | (C) بیت الغزل | |
| 43. | (B) بالِ جبرئیل | |
| 44. | (D) منافع خور | |
| 45. | (C) جیسا کہے ویسا جواب دینا | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .46 | (D) حمیرہ | |
| .47 | (B) دو | |
| .48 | (D) بحر کہتے ہیں | |
| .49 | (C) جملہ کہلاتا ہے | |
| .50 | (D) حمد | |
| .51 | (A) کنیت | |
| | مطابقت ومشابہت : | 4 × 1 = 4 |
| .52 | ماہرالقادری | |
| .53 | سیدسلیمان ندوی | |
| .54 | رہنما/لیڈر | |
| .55 | اعمال | |
| | دو یا تین جملوں میں جوابات : | 3 × 2 = 6 |
| .56 | اضداد لکھئے : | |
| | (i) خزاں | |
| | (ii) خوبصورت | |
| .57 | جملوں میں استعمال : | |
| | (i) آج بارش کے آثار نظر آتے ہیں۔ | |
| | (ii) چور کے چہرے سے وحشت برس رہی ہے۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .58 | ان الفاظ کے واحد : | |
| | (i) مہمان | |
| | (ii) ادب | |
| | تین یا چار جملوں میں جوابات : | 2 × 3 = 6 |
| .59 | مفرد جملہ وہ جملہ ہے جو ایک ہی مسند اور مسند الیہ سے مل کر بنا ہوا ہو۔ | |
| | مثلاً : (i) رات گذاری | |
| | (ii) منادی ہوئی | |
| .60 | صنعتِ تلمیح : شاعر اپنے کلام میں کسی واقعہ، قصّہ یا تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ کرتا ہے تو اسے صنعت تلمیح کہتے ہیں۔ مثلاً | |
| | ؎ ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی | |
| | **یا** | |
| | شعر میں دو متضاد الفاظ شاعر استعمال کرتا ہے تو ایسی صنعت کو صنعت تضاد یا صنعتِ طباق کہتے ہیں۔ مثلاً | |
| | ؎ صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے عمریوں ہی تمام ہوتی ہے | |
| | **PART-C/حصّہ - ج** | |
| .61 | i) تاریخ اور شہر کا نام | 1 |
| | ii) القاب و آداب | 1 |
| | iii) خط کا موضوع پر اظہار خیال | 1 |
| | iv) اختتام | 1 |
| | v) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ | 1 |
| | **یا** | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | (i تاریخ اور شہر کا نام | |
| 1 | (ii القاب | |
| 1 | (iii موضوع | |
| 1 | (iv موضوع سے متعلق عبارت کوڑا کرکٹ ہٹانے ذکر | |
| | (v اختتام | |
| 1 | (vi مکتوب الیہ کا نام اور پتہ | |
| 1 × 5 = 5 | مضمون : | .62 |
| | (i) **موبائل فون** | |
| 1 | تمہید – کسی شعر فقرہ یا قول سے دلچسپ اور مختصر عبارت | |
| 1 | نفس مضمون – (i) موبائل کے فائدے | |
| 1 | (ii) استعمال | |
| 1 | (iii) نقصانات کا ذکر | |
| 1 | اختتام/ خاتمہ – (iv) ذاتی رائے اور فکر کا اظہار | |
| | (ii) **ماحول کی آلودگی** | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا شعر سے مختصر دلچسپ تمہید باندھی گئی ہو۔ | |
| 1 | نفس مضمون – (i) ماحول کے معنی اور قسمیں | |
| | (ii) پاکیزہ ماحول کا اثر | |
| 2 | (iii) ماحول کی آلودگی سے نقصانات | |
| | (iv) تدابیر/ صلاح/ مشورہ | |
| 1 | اختتام/ خاتمہ – مضمون کا خلاصہ/ ذاتی رائے/ فکر کا اظہار | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 4 × 1 = 4 | عبارت | .63 |
| 1 | (الف) کیرالا | |
| 1 | (ب) کشمیر کو ہندوستان کی جنت کہا جاتا ہے | |
| 1 | (ج) ''اونم'' کیرالا کا قومی تہوار ہے | |
| 1 | (د) اردو ادیب | |
| | **نوٹ** : خط کشیدہ جملوں کے مطابق نشانات دئے جائیں۔ | |